Answer sheet

Class X 2021-22

Course B Code 303

Time: 120 minute Sub Urdu Maximum Marks 40

SECOND TERM

Part A (10Marks)

حصہ الف

سوال نمبر۔1۔ **(الف)**

(1)چاند بی بی کے والد احمد نگر کے سلطان تھے۔

(2)چاند بی بی کی پیدائش 1555 میں ہوئی۔

(3)چاند بی بی کے شوہر کا نام علی عادل شاہ تھا۔

(4)علی عادل شاہ بیجا پور کے سلطان تھے۔

(5)چاند بی بی عربی، فارسی، کنڑ اور مراٹھی زبانوں سے واقفیت رکھتی تھیں۔

(ب)

(1)بڑھیا نے مٹی کا دیا جھٹپٹے کے وقت لا کر راستے پر رکھا۔

(2)محلوں کے جھاڑ فانوس سے وہ دیا اس لئے بہتر ہے کیوں کہ جھاڑ اور فانوس صرف محلوں کو روشن کرتے ہیں جبکہ اس دیئے سے بے شمار راہ گیر استفادہ کرتے ہیں۔

(3)آفاق، افق کی جمع ہے اور اس سے مراد دنیا ہے۔

(4)فانوس کے معنی ہیں ایک قسم کا قندیل یا شمع دان۔

(5)اس نظم سے یہ تعلیم ملتی ہے کہ اس دنیا میں وہی کام بہتر ہے جس سے عوام الناس کو فائدہ پہونچے۔

سوال نمبر2 **(الف)**

(1)دوسری عالمی جنگ کے زمانے میں مواصلاتی نظام کی ضرورت شدت سے محسوس کی گئی۔

(2)انٹرنیٹ کمپیوٹر نیٹورک کا ایک اہم حصہ ہے جو تمام دنیا میں مواصلاتی رشتہ یا وحدت قائم کرتا ہے۔

(3)ای میل کے ذریعے ہم دنیا کے کسی بھی حصے میں ہوں لوگوں سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

(4)مواصلاتی نظام میں ای میل، انٹرنیٹ وغیرہ ہیں۔

(5)ٹیلی فون سے زیادہ تیز تر اور کفایتی رابطے کا طریقہ ای میل ہے۔

(ب)

(1) پہاڑ گلہری سے کہتا ہے کہ اگر تم میں شرم ہے تو تم پانی میں جا کر ڈوب مرو۔

(2) پہاڑ اپنے غرور کا اظہار اس انداز میں کرتا ہے کہ میری عظمت و بلندی کے آگے زمین بھی پست نظر آتی ہے۔

(3) پہاڑ اپنے آپ پر غرور اس لئے کرتا ہے کہ وہ قد میں گلہری کی بہ نسبت بہت بڑا تھا۔

(4) پانی میں جا کر ڈوب مرنے کے معنی شرمسار ہونے کے ہیں۔

(5) پہاڑ گلہری سے ڈوب مرنے کو اس لئے کہتا ہے کیوں کہ گلہری پہاڑ کے مقابلے قد میں بہت چھوٹی تھی۔

Part -B (18Marks)

حصہ ب

سوال نمبر۔ کسی آدمی جگہ اور چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ جیسے پٹنہ، دہلی، زید وغیرہ۔

سوال نمبر 4۔ غزل یا قصیدے کے آخری شعر کو مقطع کہتے ہیں۔ اس میں شاعر اپنا تخلص بیان کرتا ہے غالب کی غزل کا مشہور شعر ہے:

بدل کر فقیروں کا ہم بھیس غالب

تماشائے اہل کرم دیکھتے ہیں

سوال نمبر 5۔ مندرجہ ذیل محاوروں کے معنی اور ان کا جملوں میں استعمال۔

نو دو گیارہ ہونا، فرار ہونا پولس کو دیکھتے ہی چور نو دو گیارہ ہو گئے

عید کا چاند ہونا، بہت دنوں بعد دکھائی دینا تم نظر ہی نہیں آتے تم تو عید کے چاند ہو گئے ہو

آنکھوں کا تارا ہونا، بہت پیارا ہونا احمد اپنے باپ کی آنکھوں کا تارا ہے

سوال نمبر6۔ شعر کے لغوی معنی دریافت کرنے یا جاننے کے ہیں اصطلاح میں اس موزوں کلام کو شعر کہتے ہیں جو متکلم سے قصداً صادر ہو۔

سوال نمبر7۔ مرزا غالب اردو کے مشہور شاعر تھے۔ انکی ولادت 1797 میں آگرے میں ہوئی تھی۔ بچپن ہی میں والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ والد کے انتقال کے بعد ان کی پرورش ان کے چچا نصر اللہ بیگ نے کی۔ ان کی شادی دہلی میں ہوئی اور وہ یہیں آکر بس گئے۔ یہاں کے علمی و ادبی ماحول میں ان کے شعری ذوق کی تربیت ہوئی۔ بہت جلد انھوں نے اپنی منفرد شناخت بنالی۔ ان کی وفات 1869 میں ہوئی، اور ان کا مزار دہلی میں موجود ہے۔

سوال نمبر8۔ اس نظم سے ہمیں یہ نصیحت ملتی ہے کہ دنیا میں کوئی چیز اپنے قد کی وجہ سے اہم نہیں ہوتی بلکہ اسکی اہمیت اس کے کام کی وجہ سے ہوتی ہےَ اس طرح اس سے یہ بھی سبق ملتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی ہر چیز اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔

سوال نمبر9۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع ہے۔

فلک افلاک

فکر افکار

ذکر اذکار

سوال نمبر10۔ رتن سنگھ سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ تقسیم وطن کے بعد ہندوستان چلے آئے اور آل انڈیا ریڈیو میں پروگرام ایگزیکیوٹو کی حیثیت سے منسلک ہو گئے۔ افسانہ نگاری کا شوق انہیں ابتدا ہی سے تھا۔ بطور افسانہ نگار ان کا نام جلد مشہور ہو گیا۔ پہلی آواز، پنجڑے کا آدمی، کاٹھ کا گھوڑا ان کے مشہور افسانوی مجموعے ہیں۔

سوال نمبر11۔ جنگ پوری انسانیت کے لئے خطرہ ہے۔ جنگ کے مضر اور مہلک اثرات ساری دنیا پر مرتب ہوتے ہیں۔ اس سے ساری مخلوق تباہ ہوتی ہے۔ اس کی وجہ سے زرخیز زمین بنجر میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے بھوک اور فاکے کی نوبت اجاتی ہے۔ یعنی جنگ انسانی ترقی اور خوشحالی کی دشمن ہے۔

سوال نمبر12۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس ہے۔

دولت مونث

خط مذکر

نام مذکر

Part -C (12Marks)

حصہ ج

سوال نمبر13۔ ساحر لدھیانوی کا پہلا شعری مجموعہ "تلخیاں" ہے۔

سوال نمبر14۔ "آدمی کی کہانی" محمد مجیب کا مضمون ہے۔

سوال نمبر15۔ محمد مجیب کے دو ڈراموں کے نام ہیں۔ کھیتی، خانہ جنگی۔

سوال نمبر16۔ مرزا غالب کی غزل کا مطلع ہے۔

کوئی امید بر نہیں آتی کوئی صورت نظر نہیں آتی

سوال نمبر17۔ مرزا غالب کے کلام کی دو خصوصیات ہیں۔ خیال کی بلندی، مضمون آفرینی۔

سوال نمبر18۔ حبیب تنویر کے دو ڈراموں کے نام ہیں۔

چرن داس چور، آگرہ بازار

سوال نمبر19۔ رباعی میں چار مصرعے ہوتے ہیں

سوال نمبر20۔ علامہ اقبال کی پیدائش "سیال کوٹ" میں ہوئی؟

سوال نمبر21۔ علامہ اقبال کی بچوں کے لئے لکھی گئی دو نظموں کے نام ہیں۔ پہاڑ اور گلہری، جگنو

سوال نمبر22۔ ساحر لدھیانوی کا اصل نام عبد الحی تھا۔